**قانونی انتباہ** مصنف سے تحریری اجازت کے بعد اس کتاب کی اشاعت کی اجازت ہے


| | |
|---|---|
| نام کتاب | احکامِ قرآن کوئیز |
| مؤلف | **مولانا غیاث احمد رشادی** |
| صفحات | 46 |
| پہلا ایڈیشن | |
| تعداد اشاعت | ایک ہزار |
| ٹائٹل وکمپیوٹر کمپوزنگ | **محمد مجاہد خان،** رشادی کمپیوٹر سنٹر، واحدنگر، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد |
| قیمت | |

## ناشر

## مکتبہ سبیل الفلاح ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر اسوسی ایشن، رجسٹرڈ۔۶۷۵

متصل مسجد الفلاح، واحدنگر، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد، انڈیا۔فون 24551314

**ویب سائٹ:www.payaamerashadi.org**

## ملنے کے پتے

- مکتبہ سبیل الفلاح ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر اسوسی ایشن، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد-فون:24551314
- دکن ٹریڈرس، مغل پورہ، حیدرآباد-
- ہندوستان پیپر ایمپوریم مچھلی کمان، حیدرآباد-
- حسامی بک ڈپو، مچھلی کمان، حیدرآباد-
- کمرشیل بک ڈپو، چارمینار، حیدرآباد-
- ھُدیٰ بک ڈسٹری بیوٹرس، پرانی حویلی روڈ، حیدرآباد-
- رشادی بک سنٹر، مسجد باگ سوار، مجسٹک، بنگلور
- کلاسک آٹومیٹو، 324، سی۔ایم۔ایچ۔روڈ، اندرانگر، بنگلور
- فرید بک ڈپو، نئی دہلی، ممبئی، مدراس
- محمد مجاہد خان، روبروایم۔ایس۔کریٹو اسکول، نزد مسجد اکبری، اکبرباغ، ملک پیٹ، فون:9985359583

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

س : سورۂ بقرہ میں سب سے پہلے کس آیت میں نماز کے قائم رکھنے کا حکم دیا گیا؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۴۳) میں سب سے پہلے نماز کے قائم رکھنے کا حکم دیا گیا: **واقیموا الصلوۃ**

س : سورۂ بقرہ میں سب سے پہلے کس آیت میں زکوٰۃ کے ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ میں سب سے پہلے آیت نمبر (۴۳) میں زکوٰۃ کے ادا کرنے کا حکم دیا گیا۔
**و اٰتوا الزکوٰۃ**

س : سورۂ بقرہ میں سب سے پہلے کس آیت میں رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرنے کا حکم دیا گیا

ج : سورۂ بقرہ میں سب سے پہلے آیت نمبر (۴۳) میں یہ حکم دیا گیا ہے: **وارکعوا مع الراکعین**

س : سورۂ بقرہ میں اللہ تعالیٰ نے یہ سوال کس آیت میں کیا ہے کہ کیا تم لوگوں کو بھلائی کا حکم دیتے ہو اور اپنی جانوں کو بھولتے ہو؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۴۴) میں اللہ تعالیٰ نے یہ سوال کیا ہے۔
**اتا مرون الناس بالبر وتنسون انفسکم ٥**

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں سب سے پہلے یہ حکم دیا کہ صبر اور نماز سے مدد چاہو

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۴۵) میں یہ حکم دیا ہے **واستعینوا بالصبر والصلوۃ**

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ میں دوسری مرتبہ بنی اسرائیل سے خطاب کرتے ہوئے کیا حکم دیا ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ میں دوسری مرتبہ بنی اسرائیل سے خطاب کرتے ہوئے یہ حکم دیا

ہے کہ تم میری ان نعمتوں کو یاد کرو جو میں نے تم پر کی ہیں۔

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں سب سے پہلے قیامت کے دن سے ڈرنے کا حکم دیا ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۴۸) میں سب سے پہلے قیامت کے دن سے ڈرنے کا حکم یوں دیا ہے: **واتقوا یوما لا تجزی نفس عن نفس شیئا o**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں سب سے پہلے یہ حکم دیا گیا ہے کہ کھاؤ ہماری دی ہوئی صاف ستھری چیزیں؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۵۷) میں سب سے پہلے یہ حکم یوں دیا گیا: **کلوا من طیبت ما رزقنکم**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں سب سے پہلے یہ حکم دیا گیا کہ کھاؤ اور پیو اللہ کے رزق سے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (٦٠) میں یہ حکم پہلی مرتبہ یوں دیا گیا ہے، **کلوا واشربوا من رزق اللّٰہ**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں سب سے پہلے اس بات سے منع کیا گیا کہ زمین میں فساد مچاتے نہ پھرو؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (٦٠) میں سب سے پہلے اس بات سے یوں منع کیا گیا ہے: **ولا تعثوا فی الارض مفسدین o**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں سب سے پہلے ایمان والوں کے ساتھ یہود و نصاریٰ اور ستارہ پرستوں کا تذکرہ کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (٦٢) میں سب سے پہلے ایمان والوں کے ساتھ یہود و نصاریٰ اور ستارہ پرستوں کا تذکرہ یوں کیا گیا ہے: **ان الذین اٰمنوا والذین ھادوا والنصاری والصابئین**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں سب سے پہلے ایمان اور اعمال صالحہ کی شرط پر جنت کی بشارت دی گئی ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۸۲) میں یہ بشارت یوں دی گئی: **ان الذین اٰمنوا وعملوا الصلحت اولئک اصحٰب الجنۃ ھم فیھا خلدون o**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں سب سے پہلے بنی اسرائیل سے لئے گئے اس عہد کا تذکرہ ہے کہ وہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں، ماں باپ، رشتہ داروں، یتیموں اور مسکینوں کے

ساتھ احسان کریں؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۸۳) میں سب سے پہلے بنی اسرئیل سے لئے گئے اس عہد کا یوں تذکرہ ہے، **واذ اخذنا میثاق بنی اسرائیل لا تعبدون الا الله وبالوالدین احسانا و بذی القربٰی والیتمٰی والمسکین o**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں سب سے پہلے یہ حکم دیا گیا ہے کہ لوگوں سے اچھی بات کہو؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۸۳) میں کیا گیا ہے۔

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں دوسری مرتبہ نماز کا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۸۳) میں دوسری مرتبہ نماز کا حکم دیا گیا ہے: **واقیموا الصلوۃ**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں دوسری مرتبہ زکوٰۃ کا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۸۳) میں دوسری مرتبہ زکوٰۃ کا حکم دیا گیا ہے: **واٰتوا الزکوٰۃ**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں سب سے پہلے بنی اسرائیل کے اس عہد کا تذکرہ ہے کہ وہ اپنوں کا خون نہ بہائیں؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۸۴) میں سب سے پہلے بنی اسرائیل کے اس عہد کا تذکرہ ہے: **واذ اخذنا میثاقکم لا تسفکون دماء کم o**

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں سب سے پہلے ایمان والوں سے **یایھا الذین اٰمنوا** کے ذریعہ خطاب کیا ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۰۴) میں سب سے پہلے **یایھا الذین اٰمنوا** کے ذریعہ ایمان والوں سے خطاب کیا ہے۔

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے تیسری مرتبہ **اقیموا الصلوۃ** کے ذریعہ نماز کا حکم دیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۱۰) میں اللہ تعالیٰ نے تیسری مرتبہ **اقیموا الصلوۃ** کے ذریعہ نماز کا حکم دیا ہے۔

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں بنی اسرائیل سے خطاب کرتے ہوئے تیسری مرتبہ اس بات کا حکم دیا ہے کہ وہ ان نعمتوں کو یاد کریں جوان پر اللہ تعالیٰ نے کی ہیں؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۲۲) میں یہ حکم دیا گیا ہے۔

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے دوسری مرتبہ قیامت کے دن سے ڈرنے کا حکم دیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۲۳) میں اللہ تعالیٰ نے دوسری مرتبہ قیامت کے دن سے ڈرنے کا حکم دیا ہے۔

س : مقامِ ابراہیم کو مصلیٰ (نماز کی جگہ) بنانے کا حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں دیا گیا؟

ج : مقامِ ابراہیم کو مصلیٰ بنانے کا حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۲۵) میں دیا گیا ہے۔

س : طواف کرنے والوں، اعتکاف کرنے والوں اور نمازیوں کے لئے کعبۃ اللہ کو پاک کرنے کا حکم حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے جو حکم دیا اس کا ذکر سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : اس کا ذکر سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۲۵) میں ہے۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد حرام کی طرف حالتِ نماز میں منہ کرنے کا حکم سب سے پہلے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۴۴) میں یہ حکم یوں دیا گیا ہے: **فول وجهک شطر المسجد الحرام**

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں دیا گیا ہے کہ آپ اہل کتاب کے قبلہ کی پیروی نہ کیجئے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۴۵) میں یوں دیا گیا ہے، **وما انت بتابع قبلتهم ٥**

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں دیا گیا ہے کہ حق وہی ہے جو تمہارے رب کی طرف سے ہے تو خبردار شک نہ کرنا؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۴۶) میں دیا گیا ہے۔

س : نیکیوں میں اوروں سے آگے نکل جاؤ یہ حکم کس سورت کی کس آیت میں دیا گیا ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۴۸) میں دیا گیا ہے۔

س : تمام مسلمانوں کو یہ حکم کس سورت کی کس آیت میں دیا گیا ہے کہ تم جہاں کہیں ہو نماز میں اپنا منہ بیت اللہ ہی کی طرف کرو؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۵۰) میں دیا گیا ہے: **وحیث ما کنتم فولوا وجوھکم شطرہ**

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں یہ حکم دیا ہے کہ تم ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۵۰) میں یوں دیا گیا، **فلا تخشوھم و اخشون o**

س : تم مجھے یاد کرو میں تمہارا چرچا کروں گا، یہ حکم اللہ تعالیٰ نے کس سورت کی کس آیت میں دیا؟

ج : یہ حکم اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۵۲) میں یوں دیا ہے: **فاذکرونی اذکرکم**

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں یوں فرمایا کہ تم میرا شکر ادا کرو اور میری ناشکری نہ کرو؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۵۲) میں یہ حکم یوں دیا: **واشکروالی ولا تکفرون**

س : اور جو اللہ کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں، ہاں! تمہیں خبر نہیں یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۵۴) میں یوں ہے۔

**ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل الله اموات بل احیاء ولکن لا تشعرون o**

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں دوسری مرتبہ **یایھا الناس** سے لوگوں کو خطاب کیا ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱٦۸) میں دوسری مرتبہ **یایھا الناس** سے لوگوں کو خطاب کیا ہے۔

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں دوسری مرتبہ حلال و پاکیزہ رزق کھانے کا حکم دیا ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱٦۸) میں حلال و پاکیزہ رزق کھانے کا حکم یوں دیا ہے: **کلوا مما فی الارض حللا طیبًا o**

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں پہلی مرتبہ شیطان کے نقش قدم پر چلنے سے روکا ہے

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرۂ کی آیت نمبر (۱۶۸) میں پہلی مرتبہ شیطان کے نقش قدم پر چلنے سے یوں روکا ہے، **ولا تتبعوا خطوات الشیطن o**

س : اللہ تعالیٰ نے تیسری مرتبہ یایھا الذین اٰمنوا کے ذریعہ ایمان والوں کو سورۂ بقرہ کی کس آیت میں خطاب کیا ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے تیسری مرتبہ یایھا الذین اٰمنوا کے ذریعہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۷۲) میں ایمان والوں سے خطاب کیا ہے؟

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں تیسری مرتبہ حلال و پاکیزہ روزی کھانے کا حکم دیا؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۷۲) میں تیسری مرتبہ پاکیزہ رزق کھانے کا یوں حکم دیا ہے: **کلوا من طیبت ما رزقنکم o**

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں دوسری مرتبہ شکرادا کرنے کا حکم دیا ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۷۲) میں دوسری مرتبہ شکرادا کرنے کا حکم یوں دیا: **واشکروالله ان کنتم ایاہ تعبدون o**

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں مردار، خون، سور کے گوشت اور غیر اللہ کے نام پر ذبح کئے گئے جانور کو حرام قرار دیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۷۳) میں یہ حکم دیا ہے۔

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں چوتھی مرتبہ نماز کے ساتھ زکوٰۃ کا تذکرہ آیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۷۷) میں چوتھی مرتبہ نماز کے ساتھ زکوٰۃ کا ذکر آیا ہے۔

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں سب سے پہلے قصاص کا حکم بیان کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۷۸) میں یہ حکم بیان کیا گیا ہے: **یایھا الذین اٰمنوا کتب علیکم القصاص o**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں وصیت کا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۸۰) میں یہ حکم یوں دیا گیا ہے:

**کتب علیکم اذا حضر احدکم الموت ان ترک خیراً نِالوصیة (الی آخرہ)**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے چوتھی مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۷۸) میں چوتھی مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا گیا ہے۔؟

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں پانچویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۸۳) میں پانچویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا ہے۔

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں روزے کی فرضیت بیان کی ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۸۳) میں روزے کی فرضیت بیان کی ہے،

**یایھا الذین اٰمنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم**

س : اللہ تعالیٰ نے بیمار اور مسافر کے لئے روزے میں جو گنجائش دی ہے وہ کس سورت کی آیت میں ہے؟

ج : یہ گنجائش سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۸۴) میں ہے، **فمن کان منکم مریضًا او علی سفر فعدة من ایام اخر** جو کوئی بیمار یا مسافر ہو دوسرے دنوں میں ان روزوں کی قضا کرے

س : اللہ تعالیٰ نے یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں دیا ہے، انہیں چاہئے کہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۸۶) میں ہے۔ **فلیستجیبوا لی ولیئومنوا بی o**

س : ’’آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ‘‘ یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۸۸) میں ہے، **ولا تاکلوا اموالکم بینکم بالباطل**

س : ''اور گھروں میں دروازوں سے آؤ'' یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۸۹) میں ہے، **واتوا البیوت من ابوابها**

س : ''اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ'' یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۸۹) میں ہے، **واتقوا اللّٰه لعلکم تفلحون**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں دوسری مرتبہ ''قصاص'' کا حکم بیان کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۹۴) میں دوسری مرتبہ ''قصاص'' کا حکم بیان کیا گیا ہے، **والحرمت قصاص**

س : ''اور اللہ سے ڈرو اور جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ ڈرنے والوں کے ساتھ ہے'' یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۹۴) میں ہے، **واتقوا اللّٰه واعلموا ان اللّٰه مع المتقین**

س : سورۂ بقرہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں سب سے پہلے اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

ج : وہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۹۵) ہے جس میں یہ حکم دیا گیا ہے، **وانفقوا فی سبیل اللّٰه**

س : ''اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو'' یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۹۵) میں ہے۔

س : ''اور بھلائی کرو، بے شک بھلائی کرنے والے اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں'' یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۹۵) میں ہے۔ **واحسنوا ان اللّٰه یحب المحسنین**

س : ''اور حج و عمرے اللہ کے لئے پورے کرو'' یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۹۶) میں ہے۔ **" واتموا الحج والعمرة للّٰه"**

س : ''اور اللہ سے ڈرو اور جان رکھو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے'' یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۹۶) میں ہے، **واتقوا اللّٰه واعلموا ان اللّٰه شدید العقاب**

س : ’’اورتوشہ ساتھ لو کہ سب سے بہتر توشہ پرہیزگاری ہے‘‘ یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر(۱۹۷) میں یوں ہے: **وتزودوا فان خیر الزاد التقویٰ**

س : اور مجھ سے ڈرتے رہو، ’’اے عقل والو‘‘ یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر(۱۹۷) میں ہے: **واتقون یاولی الالباب**

س : ’’جب تم عرفات سے پلٹو تو اللہ کو یاد کرو مشعر حرام کے پاس‘‘ یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر(۱۹۸) میں ہے:
**فاذا افضتم من عرفات فاذکروا اللّٰہ عندالمشعر الحرام o**

س : سورۂ بقرہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے استغفار کا حکم دیا ہے؟

ج : یہ سورۂ توبہ کی آیت نمبر(۱۹۹) ہے، **واستغفروا اللّٰہ**

س : مناسک حج کی ادائیگی کے بعد اللہ تعالیٰ کو اسی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ یاد کرنے کا حکم دیا گیا ہے، جس طرح باپ دادا کو یاد کیا جاتا ہے یہ حکم کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر(۲۰۰) میں ہے:
**فاذا قضیتم مناسککم فاذکروا اللّٰہ کذکرکم اٰباء کم او اشد ذکرا**

س : ’’گنے ہوئے دنوں میں اللہ کی یاد کرو‘‘ یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر(۲۰۳) میں ہے، **واذکروا اللّٰہ فی ایام معدودٰتٍ**

س : اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ تمہیں اسی کی طرف اٹھنا ہے، یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر(۲۰۳) میں ہے، **واتقوا اللّٰہ واعلموا انکم الیہ تحشرون**

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں چھٹویں مرتبہ **یایھا الذین اٰمنوا** کے ذریعہ ایمان والوں کو مخاطب کیا؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر(۲۰۸) میں چھٹویں مرتبہ **یایھا الذین اٰمنوا** سے ایمان والوں کو خطاب کیا ہے۔

س : ''اے ایمان والو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ'' یہ حکم کس سورت کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۰۸) میں ہے، **یایھا الذین امنوا ادخلوا فی السلم کافۃ**

س : اور شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو یہ حکم دوسری مرتبہ سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم دوسری مرتبہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۰۸) میں ہے۔

س : اللہ کی راہ میں قتال کی فرضیت سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۱۶) میں یہ حکم ہے: **کتب علیکم القتال وھو کرہ لکم**

س : حرمت والے مہینوں میں قتال کے بارے میں سورۂ بقرہ کی کس آیت میں کیا حکم دیا گیا؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۱۷) میں یہ حکم دیا گیا کہ حرمت والے مہینوں میں قتال بڑا گناہ ہے، **قل قتال فیہ کبیر o**

س : فتنہ وفساد کو قتل سے سخت گناہ کس آیت میں قرار دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۱۷) میں یہ حکم دیا گیا ہے، **والفتنۃ اکبر من القتل o**

س : شراب اور جوئے کو بڑا گناہ سورۂ بقرہ کی کس آیت میں قرار دیا گیا؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۱۹) میں شراب اور جوے کو بڑا گناہ قرار دیا گیا، **قل فیھما اثم کبیر**

س : شراب اور جوے کا گناہ ان کے نفع سے بڑا ہے، یہ حکم کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۱۲۹) میں ہے، **واثمھما اکبر من نفعھما o**

س : مشرک عورتوں سے نکاح کے بارے میں قرآن مجیدن کیا حکم دیا ہے؟

ج : قرآن مجید نے کہا" **ولا تنکحوا المشرکت حتی یومن** ''شرک کرنے والی عورتوں سے نکاح نہ کرو جب تک کہ مسلمان نہ ہو جائیں''

س : مشرکوں سے نکاح کے بارے میں کیا کہا گیا؟

ج : ''اور مشرکوں کے نکاح میں نہ دو جب تک کہ وہ ایمان نہ لائیں'' سورۂ بقرہ آیت نمبر (۲۲۱)

س : طلاق کے احکامات سورۂ بقرہ کی کن آیات میں بیان کئے گئے ہیں؟

ج : طلاق کے احکامات سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۲۶) سے (۲۴۲) تک بیان کئے گئے ہیں۔

س : پانچوں وقت کی نماز اور بالخصوص عصر کی نماز کی پابندی کا حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۳۸) میں ہے، **حافظوا علی الصلوٰت والصلوٰۃ الوسطی**

س : ''اور کھڑے رہو، اللہ کے حضور ادب کے ساتھ'' یہ کس آیت کا ترجمہ ہے؟

ج : **وقوموا للّٰہ قانتین** کا ترجمہ ہے جو سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۳۸) ہے۔

س : اور لڑو اللہ کی راہ میں اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ سنتا اور جانتا ہے، یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۴۴) میں ہے، **وقاتلوا فی سبیل اللّٰہ واعلموآ ان اللّٰہ سمیع علیم o**

س : سورۂ بقرہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں ساتویں مرتبہ اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا ہے؟

ج : وہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۵۴) ہے جس میں ساتویں مرتبہ اللہ تعالیٰ نے **یایھا الذین اٰمنوا** سے ایمان والوں کو خطاب کیا ہے۔

س : سورۂ بقرہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں ایمان والوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ اس دن کے آنے سے پہلے اللہ کی راہ میں خرچ کریں جس دن نہ خرید ہوگی اور نہ فروخت؟

ج : وہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۵۴) ہے جس میں یوں حکم دیا گیا ہے، **یایھا الذین اٰمنوا انفقوا مما رزقنکم من قبل ان یاتی یوم لابیع فیہ o**

س : سورۂ بقرہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں آٹھویں مرتبہ اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا ہے؟

ج : وہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۶۴) ہے جس میں آٹھویں مرتبہ اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا۔

س : سورۂ بقرہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو اس بات سے منع کیا

گیا ہے کہ وہ اپنے صدقات کو احسان جتا کر اور ایذ ادے کر بے کار کر لیں۔

ج : وہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۶۴) ہے جس میں یہ حکم دیا گیا ہے۔

س : سورۂ بقرہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے نویں مرتبہ **یایھا الذین اٰمنوا** کے ذریعہ ایمان والوں سے خطاب کیا ہے؟

ج : وہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲٦۷) ہے جس میں ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے نویں مرتبہ خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ بقرہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں سے خطاب کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے کہ اپنی پاک کمائیوں میں سے کچھ دو اور اس میں سے بھی جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالا؟

ج : وہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲٦۷) ہے، **یایھا الذین اٰمنوا انفقوا من طیبٰت ما کسبتم ومما اخرجنالکم من الارض o**

س : خراب مال اللہ کی راہ میں دینے سے سورۂ بقرہ کی کس آیت میں روکا گیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲٦۷) میں اس بات سے یوں روکا گیا ہے:

**ولا تیمموا الخبیث منه تنفقون ولستم باٰخذیه الا ان تغمضوا فیه o**

س : سود کھانے والوں کا قیامت کے دن جو برا انجام ہوگا اس کو سورۂ بقرہ کی کس آیت میں بیان کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۷٦) میں ہے، "**الذین یاکلون الربوا لا یقومون الا کما یقوم الذی یتخبطه الشیطن من المس.** وہ لوگ جو سود کھاتے ہیں قیامت کے دن نہ کھڑے ہوں گے، مگر جیسے کھڑا ہوتا وہ جسے آسیب نے چھو کر مخبوط بنا دیا ہو"

س : سورۂ بقرہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں تجارت کو حلال اور سود کو حرام واضح طور پر بتلایا گیا ہے؟

ج : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر (۲۷۵) میں یہ بات بتلائی گئی ہے، **واحل الله البیع وحرم الربوا**

س : سورۂ بقرہ کی آیت نمبر(۲۷۶) میں سود کا نقصان اور صدقات کا فائدہ کس طرح بیان کیا گیا ہے؟

ج : **یمحق اللّٰہ الربوا ویربی الصدقت** اللہ مٹاتا ہے سود کو اور بڑھاتا ہے خیرات کو......

س : سورۂ بقرہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں دسویں مرتبہ اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا ہے؟

ج : وہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر(۲۷۸) ہے جس میں اس طرح خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ایمان والوں کو یہ حکم دیا گیا کہ وہ قرض کے لین دین کے معاملات کو لکھ لیا کریں؟

ج : وہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر(۲۸۲) ہے جس میں یہ حکم یوں دیا گیا ہے:

**اذا تدینتم بدین الی اجل مسمی فاکتبوہ o**

س : سورۂ بقرہ کی کس آیت میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ جب خرید و فرخت کرو تو گواہ کرلو؟

ج : وہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر(۲۸۲) ہے جس میں یوں حکم دیا گیا ہے: **واشھدوا اذا تبایعتم**

س : **ولا تکتموا الشھادۃ** اور گواہی کو نہ چھپاؤ یہ حکم سورۂ بقرہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ بقرہ کی آیت نمبر(۲۸۳) میں ہے۔

س : سورۂ آل عمران کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو اس بات سے روکا ہے کہ وہ مسلمانوں کے سوا کافروں کو اپنا دوست بنائیں؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر(۲۸) ہے، جس میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو کافروں سے دوستی رکھنے سے یوں منع کیا ہے، **لا یتخذ المومنون الکفرین اولیاء o**

س : سورۂ آل عمران کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو اس بات کا حکم دیا ہے کہ لوگوں سے یہ کہہ دیں کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع کرو؟

ج : وہ سورۂ آل عمران کی آیت نمبر(۳۱) ہے، جس میں اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو حکم دیا ہے کہ وہ لوگوں سے یہ بات کہہ دیں: **قل ان کنتم تحبون اللّٰہ فاتبعونی o**

س : قرآنی ترتیب کے لحاظ سے سب سے پہلے کس سورت کی کس آیت میں اطیعوا اللّٰہ والرسول کا حکم دیا گیا؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۳۲) میں یہ حکم سب سے پہلے دیا گیا ہے۔

س : اور اپنے رب کو کثرت سے یاد کرو، یہ حکم سورۂ آل عمران کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۴۱) میں ہے، واذکر ربک کثیرا o

س : مباہلہ کا ذکر سورۂ آل عمران کی کس آیت میں ہے؟

ج : مباہلہ کا ذکر سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۶۱) میں ہے۔

**ثم نبتھل فنجعل لعنة اللّٰہ علی الکذبین o**

س : سورۂ آل عمران کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو حکم دیا ہے کہ وہ اہل کتاب کو ایک ایسے کلمہ کی طرف بلائیں جو ہمارے اور ان کے درمیان یکساں ہے؟

ج : وہ سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۶۴) ہے جس میں حضور ﷺ کو اس دعوت کا حکم دیا گیا ہے

**قل یاھل الکتب تعالوا الٰی کلمة سواء بیننا وبینکم o**

س : سورۂ آل عمران کی کس سورت میں یہ بات بتائی گئی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نہ ہودی تھے اور نہ نصرانی تھے بلکہ مسلمان تھے؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت مبر (۶۷) میں یہ بات بتلائی گئی ہے۔

س : سورۂ آل عمران کی کس آیت میں یہ سوال کیا گیا ہے کہ کیا اللہ کے دین کے سوا کوئی اور دین چاہتے ہو؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۸۳) میں یہ سوال یوں کیا گیا: **افغیر دین اللّٰہ یبغون**

س : سورۂ آل عمران کی کس آیت میں یہ کہا گیا ہے کہ جو کوئی اسلام کے سوا کوئی اور دین چاہے گا وہ ہرگز اس سے قبول نہ کیا جائے گا؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۸۵) میں یہ بات کہی گئی ہے:

**ومن یبتغ غیر الاسلام دینا فلن یقبل منہ o**

س : تم ہرگز بھلائی کونہیں پہنچو گے جب تک کہ اللہ کی راہ میں اپنی پیاری چیز نہ خرچ کرو یہ بات کس سورت کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ بات سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۹۳) میں بیان کی گئی ہے۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین پر چلو جو ہر باطل سے پاک ہے یہ حکم سورۂ آل عمران کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۹۵) میں ہے۔

س : حج کی فرضیت سورۂ آل عمران کی کس آیت سے ثابت ہے؟

ج : حج کی فرضیت سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۹۷) سے ثابت ہے:

**وللّٰه على الناس حج البيت من استطاع اليه سبيلا o**

س : سورۂ آل عمران میں سب سے پہلے **يايها الذين اٰمنوا** کس آیت میں ہے؟

ج : سورۂ آل عمران میں سب سے پہلے **يايها الذين اٰمنوا** آیت نمبر (۱۰۰) میں ہے۔

س : سورۂ آل عمران میں دوسری مرتبہ **يايها الذين اٰمنوا** کس آیت میں ہے؟

ج : سورۂ آل عمران میں دوسری مرتبہ **يايها الذين اٰمنوا** آیت نمبر (۱۰۲) میں ہے۔

س : اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے یہ حکم سورۂ آل عمران کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۰۲) میں ہے۔

س : اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو یہ حکم سورۂ آل عمران کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۰۳) میں ہے: **يايها الذين اٰمنوا اتقوا اللّٰه حق تقته**

س : تم میں ایک ایسا گروہ ہونا چاہئے جو بھلائی کی طرف بلائے اور اچھی بات کا حکم کرے اور بری باتوں سے منع کرے، قرآن مجید کی کس آیت میں یہ حکم ہے؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۰۴) میں یہ حکم ہے:

**ولتكن منكم امة يدعون الى الخير ويامرون بالمعروف وينهون عن المنكر**

س : ''تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جائے جو آپس میں جدا جدا ہو گئے'' سورۂ آل عمران کی کس

آیت میں یہ حکم ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۰۵) میں ہے۔

س : سورۂ آل عمران کی کس آیت میں تیسری مرتبہ **یایھا الذین اٰمنوا** سے ایمان والوں کو خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۱۸) میں تیسری مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا گیا ہے۔

س : ''اے ایمان والو! غیروں کو اپنا راز دار نہ بناؤ'' یہ حکم سورۂ آل عمران کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۱۸) میں ہے۔

س : ''مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیئے'' یہ حکم سورۂ آل عمران کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۲۲) میں ہے، **وعلی اللّٰہ فلیتوکل المؤمنون**

س : سورۂ آل عمران کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے چوتھی مرتبہ خطاب کیا؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۳۰) میں اس طرح خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۳۰) میں ایمان والوں کو کیا کھانے سے روکا ہے؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۳۰) میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو سود کھانے سے روکا ہے، **یایھا الذین اٰمنوا لا تاکلوا الربوا اضعا فًا مضعفة o**

س : ''اور اللہ و رسول کی فرمانبرداری کرو اس امید پر کہ رحم کئے جاؤ'' یہ حکم سورۂ آل عمران کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۳۲) میں ہے۔

س : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۳۳) میں کن دو چیزوں کی طرف دوڑنے کا حکم دیا گیا؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۳۳) میں مغفرت اور جنت کی طرف دوڑنے کا حکم دیا گیا ہے، **وسارعوا الی مغفرة من ربکم وجنة o**

س : ''زمین میں چل پھر کر دیکھو کیسا انجام ہوا جھٹلانے والوں کا'' یہ حکم سورۂ آل عمران کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۳۷) میں ہے، **فسیروا فی الارض فانظروا کیف کان عاقبة المکذبین o**

س : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۳۹) میں کن دو باتوں سے روکا گیا ہے؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۳۹) میں سستی نہ کرنے اور غم نہ کھانے کا حکم دیا گیا:

**ولا تھنوا ولا تحزنوا o**

س : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۳۹) میں کس شرط پر غلبہ کی خوشخبری دی گئی ہے؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۳۹) میں ایمان کی شرط پر غلبہ کی خوشخبری دی گئی ہے:

**وانتم الاعلون ان کنتم مؤمنین o**

س : **واللّٰہ یحب الصبرین** سورۂ آل عمران کی کس آیت میں یہ بات کہی گئی ہے؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۴۶) میں یہ بات کہی گئی ہے کہ صبر کرنے والے اللہ تعالیٰ کو محبوب ہیں۔

س : ''نیکی کرنے والے اللہ کو پیارے ہیں'' یہ بات سورۂ آل عمران کی کس آیت میں بیان کی گئی ہے

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۴۸) میں بیان کی گئی ہے، **واللّٰہ یحب المحسنین**

س : سورۂ آل عمران کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے پانچویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا ہے؟

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۵۶) میں اللہ تعالیٰ نے پانچویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا۔

س : سورۂ آل عمران کی کس آیت میں حضور ﷺ کو یہ حکم دیا گیا کہ **فاعف عنھم واستغفر لھم** آپ انہیں معاف کر دیجئے اور ان کے لئے بخشش کی دعاء کیجئے۔

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۵۹) میں آپ ﷺ کو یہ حکم دیا گیا۔

س : حضور ﷺ کو مشورہ کرنے کا حکم سورۂ آل عمران کی کس آیت میں دیا گیا؟

ج : حضور ﷺ کو مشورہ کرنے کا حکم سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۵۹) میں دیا گیا۔

س : سورۂ آل عمران کی کس آیت میں حضور ﷺ کو یہ حکم دیا گیا کہ کسی بات کا اِرادہ پکا کرلو تو اللہ پر بھروسہ کرو۔

ج : سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۵۹) میں یہ حکم دیا گیا۔

س : بے شک توکل کرنے والے اللہ کو پیارے ہیں یہ بات سورۂ آل عمران کی کس آیت میں بیان کی گئی؟

ج : یہ بات سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۵۹) میں یوں بیان کی گئی:

ان اللّٰہ یحب المتوکلین o

س : ''ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسولوں پر'' یہ حکم سورۂ آل عمران کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۷۹) میں ہے۔

س : ''جو آگ سے بچا کر جنت میں داخل کیا گیا کامیاب و بامراد ہوگیا'' یہ بات سورۂ آل عمران کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ بات سورۂ آل عمران کی آیت نمبر (۱۸۵) میں ہے۔

س : سورۂ آل عمران کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے چھٹویں مرتبہ ایمان والوں کو یایھا الذین اٰمنوا سے خطاب کیا ہے؟

ج : سورۂ آل عمران کی آخری آیت میں اللہ تعالیٰ نے چھٹویں مرتبہ ایمان والوں کو یایھا الذین اٰمنوا سے خطاب کیا ہے۔

س : سورۂ آل عمران کی آخری آیت میں ایمان والوں کو کیا کیا احکامات دیئے گئے ہیں؟

ج : سورۂ آل عمران کی آخری آیت میں ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ نے یہ احکامات دیئے ہیں کہ صبر کرو اور صبر میں دشمنوں سے آگے رہو اور سرحد پر اسلامی ملک کی نگہبانی کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو، اس امید پر کہ کامیاب ہو۔

س : سورۃ النساء کے آغاز میں اللہ تعالیٰ نے کس سے خطاب کیا؟

ج : سورۃ النساء کے آغاز میں اللہ تعالیٰ نے **یایھا الناس** کے ذریعہ لوگوں سے خطاب کیا ہے۔

س : سورۃ النساء کی پہلی آیت میں لوگوں کو کس کام کا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۃ النساء کی پہلی آیت میں لوگوں کو اللہ سے ڈرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

س : سورۃ النساء کی دوسری آیت میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۃ النساء کی دوسری آیت میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ **واتو الیتمی اموالھم** کہ یتیموں کو ان کے مال دو......

س : سورۃ آل عمران کی دوسری آیت میں کس کے مال میں اپنا مال ملا کر کھانے سے روکا گیا ہے

ج : سورۃ آل عمران کی دوسری آیت میں یتیموں کے مال اپنے مالوں میں ملا کر کھانے سے روکا گیا ہے

س : سورۃ النساء کی کس آیت سے اس بات کی اجازت ملتی ہے کہ مرد ایک سے زائد نکاح کرے؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۳) سے اس کی اجازت ملتی ہے۔

س : ''اور عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دو'' یہ حکم سورۃ النساء کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۃ النساء کی آیت نمبر (۴) میں ہے۔

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں یتیموں کے مال کے سلسلہ میں سرپرستوں کو ہدایات دی گئی ہیں؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (٦) میں یہ ہدایات دی گئی ہیں۔

س : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۷ تا ۱۳) میں کس اہم موضوع سے متعلق احکامات بتلائے گئے ہیں؟

ج : سورۃ النساء کی مذکورہ آیات میں وراثت سے متعلق احکامات بتلایئے گئے ہیں۔

س : یتیموں کا مال ناحق کھانے کی وعید سورۃ النساء کی کس آیت میں بیان کی گئی ہے؟

ج : یتیموں کا مال ناحق کھانے کی وعید سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۰) میں بیان کی گئی ہے۔

س : وراثت کی تقسیم کے وقت اگر رشتہ دار، یتیم اور مسکین آجائیں تو ان کے ساتھ کس قسم کا برتاؤ کرنے کا حکم سورۃ النساء کی آیت نمبر (۸) میں دیا گیا ہے؟

ج : یہ حکم دیا گیا ہے کہ انہیں بھی کچھ دے دو اور ان سے اچھی بات کہو۔

س : ''جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا اللہ تعالیٰ اسے جنت کے باغوں میں داخل کریں گے'' یہ خوشخبری سورۃ النساء کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ خوشخبری سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۳) میں ہے، **ومن یطع اللّٰہ ورسولہ یدخلہ جنت تجری من تحتھا الانھر o**

س : جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا اور حد سے بڑھ جائے گا، اس کو دوزخ میں داخل کیا جائے گا، یہ وعید سورۃ النساء کی کس آیت میں بیان کی گئی ہے؟

ج : یہ وعید سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۴) میں بیان کی گئی:

**ومن یعص اللّٰہ و رسولہ ویتعد حدودہ یدخلہ نارا o**

س : سورۃ النساء کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے پہلی مرتبہ **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا؟

ج : سورۃ النساء کی وہ آیت نمبر (۱۹) ہے۔

س : اور عورتوں سے اچھا برتاؤ کرو، یہ حکم مردوں کو سورۃ النساء کی کس آیت میں دیا گیا ہے؟

ج : یہ حکم سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۹) میں دیا گیا ہے۔

س : سورۃ النساء کی وہ کونسی آیت ہے جس میں ایمان والوں سے خطاب کرتے ہوئے یہ کہا گیا ہے کہ تمہارے لئے حلال نہیں ہے کہ زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ۔

ج : یہ سورۂ نساء کی آیت نمبر (۱۹) ہے۔

س : مردوں کے لئے محرم عورتوں کی فہرست سورۃ النساء کی کس آیت میں بیان کی گئی ہے؟

ج : مردوں کے لئے محرم عورتوں کی فہرست سورۃ النساء کی آیت نمبر (۲۳) میں بیان کی گئی ہے

س : سورۃ النساء کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے دوسری مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا ہے۔

ج : وہ سورۃ النساء کی آیت نمبر (۲۹) ہے۔

س : اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں سے خطاب کرتے ہوئے یہ حکم سورۃ النساء کی کس آیت میں دیا ہے کہ ایک دوسرے کے مال ناحق طریقہ سے نہ کھاؤ؟

ج : یہ حکم سورۃ النساء کی آیت نمبر (۲۹) میں دیا گیا ہے۔

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں یہ بات بتلائی گئی ہے کہ اگر تم کبیرہ گناہوں سے بچتے رہو گے تو ہم تمہارے گناہوں کو مٹا دیں گے اور تمہیں عزت کی جگہ داخل کریں گے؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۳۱) میں یہ بات بتلائی گئی ہے۔

س : ''اور اللہ سے اس کا فضل مانگو'' یہ حکم سورۃ النساء کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۃ النساء کی آیت نمبر (۳۲) میں ہے۔

س : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۳۶) میں کیا احکامات دیئے گئے ہیں؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۳۶) میں احکامات دیئے گئے ہیں کہ اللہ کی عبادت کرو اور اس کا شریک کسی کو نہ ٹھہراؤ اور ماں باپ، رشتہ داروں، یتیموں محتاجوں اور پڑوسیوں، مسافروں اور غلاموں، باندیوں وغیرہ سے حسن سلوک کرو۔

س : سورۃ النساء کی وہ کونسی آیت ہے جس میں تیسری مرتبہ ایمان والوں کو یایھا الذین اٰمنوا سے خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۃ النساء کی یہ آیت نمبر (۴۳) ہے۔

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں اہل کتاب سے خطاب کرتے ہوئے ایمان لانے کا حکم دیا گیا

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۴۷) میں اہل کتاب سے خطاب کرتے ہوئے ایمان لانے کا حکم دیا گ یا ہے۔

س : اللہ تعالیٰ نے سورۃ النساء کی کن دو آیتیں میں یہ بتلا دیا ہے کہ اس کے ساتھ شرک کرنے والوں کو نہیں بخشے گا؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۴۸) اور آیت نمبر (۱۱۶) میں یہ بات بتلائی گئی ہے:

**ان اللّٰہ لایغفر ان یشرک بہ o**

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ جن کی امانتیں ہیں ان کے سپرد وہ امانتیں کردیں؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر(۵۸) میں یہ حکم دیا گیا ہے،**ان اللّٰہ یامرکم ان تؤدوا الامنت الی اھلھا o**

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ ''جب تم لوگوں میں فیصلہ کرو تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو''؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر(۵۸) میں یہ حکم دیا گیا ہے:
**واذا حکمتم بین الناس ان تحکموا بالعدل o**

س : سورۃ النساء میں چوتھی مرتبہ **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا؟

ج : سورۃ النساء میں چوتھی مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے آیت نمبر(۵۹) میں خطاب کیا ہے۔

س : اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کے ساتھ اولوالامر کی اطاعت کا حکم کس آیت میں دیا گیا ہے؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر(۵۹) میں یہ حکم دیا گیا ہے۔

س : قرآن مجید کی کس آیت میں یہ بات بتائی گئی ہے کہ جب تم میں جھگڑا ہو جائے تو اللہ اور رسول کی طرف رجوع کرو؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر(۵۹) میں یہ بات بتلائی گئی ہے:**فان تنازعتم فی شیٍ فردوہ الی اللّٰہ والرسول**

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں حضور ﷺ کو منافقوں سے اعراض کا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر(۶۳) میں حضور ﷺ کو منافقوں سے اعراض کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں یہ خوشخبری دی گئی ہے کہ جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے گا وہ نبیوں، صدیقین، شہداء اور صالحین کے ساتھ ہوگا؟

ج : یہ خوشخبری سورۃ النساء کی آیت نمبر (٦٩) میں دی گئی ہے۔

س : سورۃ النساء کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو **یایھاالذین اٰمنوا** سے پانچویں مرتبہ خطاب کیا؟

ج : وہ سورت نساء کی آیت نمبر (۷۱) ہے، جس میں پانچویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۃ النساء کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو **خذوا حذرکم** اپنے بچاؤ اور حفاظت کا سامان ساتھ رکھنے کا حکم دیا ہے؟

ج : وہ سورۃ النساء کی آیت نمبر (۷۱) ہے، جس میں یہ حکم دیا گیا ہے۔

س : ''تمہیں کیا ہوا کہ تم اللہ کی راہ میں قتال نہیں کرتے'' یہ سوال سورۃ النساء کی کس آیت میں کیا گیا ہے؟

ج : یہ سوال سورۃ النساء کی آیت نمبر (۷۵) میں کیا گیا یہ، **وما لکم لا تقتلون فی سبیل اللّٰہ**

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں نماز اور زکوٰۃ کا ایک ساتھ حکم دیا گیا؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۷۷) میں نماز اور زکوٰۃ کا ایک ساتھ حکم دیا گیا ہے۔

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں یہ بات بتلائی گئی ہے کہ جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی؟

ج : یہ بات سورۃ النساء کی آیت نمبر (۸۰) میں بتلائی گئی ہے۔

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں حضور ﷺ کو کافروں سے اعراض کرنے اور اللہ پر توکل کرنے کا حکم دیا گیا؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۸۱) میں یہ حکم دیا گیا ہے، **فاعرض عنھم و توکل علی اللّٰہ**

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں حضور ﷺ کو اللہ کی راہ میں قتال کا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۸۴) میں حضور ﷺ کو اللہ کی راہ میں قتال کا حکم دیا گیا:
**فقاتل فی سبیل اللّٰہ o**

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں سلام کے بارے میں یہ ہدایت دی گئی ہے کہ جب تم کو سلام

کیا جائے تو تم اس سلام کا اس سے بہتر جواب دو یا اسی قدر جواب دو؟

ج : یہ ہدایت سورۃ النساء کی آیت نمبر (۸۶) میں دی گئی ہے:

**واذا حییتم بتحیة فحیوا باحسن منها او ردوها o**

س : ''جو کوئی مومن کو عمداً ناحق قتل کر دے اس کا بدلہ جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا'' یہ حکم سورۃ النساء کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۃ النساء کی آیت نمبر (۹۳) میں ہے۔

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں چھٹویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایها الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۹۴) میں ایمان والوں کو **یایها الذین اٰمنوا** سے چھٹویں مرتبہ خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں ایمان والوں کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ جب تم اللہ کی راہ میں مارو تو خوب تحقیق کر لیا کرو؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۹۴) میں ہدایت دی گئی ہے۔

س : سفر کی حالت میں قصر کا حکم سورۃ النساء کی کس آیت میں دیا گیا ہے؟

ج : سفر کی حالت میں قصر کا حکم سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۰۱) میں دیا گیا ہے۔

س : بے شک نماز ایمان والوں پر وقت پر فرض کی گئی ہے، یہ حکم کس سورت کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۰۳) میں ہے۔

س : اور آپ خیانت کرنے والوں کے حامی و مددگار نہ ہو جائیں، یہ ہدایت سورۃ النساء کی کس آیت میں دی گئی ہے؟

ج : یہ ہدایت سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۰۵) میں دی گئی ہے۔

س : سورۃ النساء کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو **یایها الذین اٰمنوا** سے ساتویں مرتبہ خطاب کیا ہے؟

ج : وہ سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۳۵) ہے۔

س : سورۃ النساء کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے ساتویں مرتبہ خطاب کیا ہے؟

ج : سورۃ النساء کی وہ آیت نمبر (۱۳۶) ہے۔

س : اللہ کی آیتوں کے ساتھ مذاق کرنے والوں کے ساتھ بیٹھنے سے سورۃ النساء کی کس آیت میں منع کیا گیا ہے؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۴۰) میں اس بات سے منع کیا گیا ہے۔

س : سورۃ النساء کی وہ کونسی آیت ہے جس میں آٹھویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا گیا ہے؟

ج : وہ سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۴۴) ہے۔

س : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۴۴) میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو کس کے ساتھ دوستی کرنے سے روکا ہے؟

ج : سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۴۴) میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو کافروں سے دوستی کرنے سے روکا ہے۔

س : سورۃ النساء میں دوسری مرتبہ کس آیت میں **یایھا الناس** سے خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۃ النساء کی وہ آیت نمبر (۱۷۰) ہے جس میں **یایھا الناس** سے دوسری مرتبہ لوگوں کو خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۃ النساء کی وہ کونسی آیت ہے جس میں لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات بتلائی گئی ہے کہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے حق کے ساتھ رسول آچکے ہیں، اس پر تم ایمان لے آؤ یہ تمہارے لئے بہتر ہے؟

ج : یہ سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۷۰) ہے، جس میں یہ بات بتلائی گئی ہے۔

س : سورۃ النساء کی کس آیت میں اہل کتاب سے خطاب کرتے ہوئے یہ ہدایت دی گئی ہے کہ

تم اپنے دین میں غلو نہ کرو؟

ج : سورۃ النساء کی وہ آیت نمبر (۱۷۱) ہے جس میں اہل کتاب کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے دین میں غلو نہ کریں۔

س : سورۃ النساء کی وہ کونسی آیت ہے جس میں تیسری مرتبہ **یایھا الناس** سے خطاب کیا گیا ہے؟

ج : وہ سورۃ النساء کی آیت نمبر (۱۷۴) ہے جس میں تیسری مرتبہ **یایھا الناس** سے خطاب کیا گیا

س : سورۂ مائدہ کی پہلی آیت میں اللہ تعالیٰ نے کس سے خطاب کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے کہ **اوفوا بالعقود** ؟

ج : یہ حکم ایمان والوں سے خطاب کرتے ہوئے دیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں پہلی مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا گیا ہے؟

ج : وہ سورۂ مائدہ کی پہلی آیت ہے جس میں پہلی مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ میں دوسری مرتبہ **یایھا الذین اٰمنوا** کس آیت میں ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں دوسری مرتبہ **یایھا الذین اٰمنوا** آیت نمبر (۲) میں ہے۔

س : تم پر حرام ہے مردار، خون، سور کا گوشت اور غیر اللہ کے نام پر ذبح کی ہوئی چیز............ یہ فہرست سورۂ مائدہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۳) میں ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے کہ تم ان کافروں سے نہ ڈرو بلکہ مجھ سے ڈرو؟

ج : یہ حکم سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۳) میں ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے یہ خوشخبری دی کہ آج کے دن میں نے تمہارے لئے تمہارے دین کو مکمل کر دیا؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۳) میں یہ خوشخبری دی گئی ہے، **الیوم اکملت لکم دینکم**

س : سورۂ مائدہ میں تیسری مرتبہ **یایھا الذین اٰمنو** سے ایمان والوں کو کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(٦) میں تیسری مرتبہ ایمان والوں کو یایھا الذین اٰمنوا سے خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ میں چوتھی مرتبہ **یایھا الذین اٰمنوا** سے ایمان والوں کو کونسی آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں چوتھی مرتبہ **یایھا الذین اٰمنوا** سے ایمان والوں کو آیت نمبر(۸) میں خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ میں پانچویں مرتبہ **یایھا الذین اٰمنوا** سے ایمان والوں کو کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں پانچویں مرتبہ **یایھا الذین اٰمنوا** سے ایمان والوں کو آیت نمبر(۱۱) میں خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۱۱) میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو کیا حکم دیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۱۱) میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو حکم دیا ہے کہ وہ اس کی نعمتوں کو یاد کریں۔

س : سورۂ مائدہ کی ایت نمبر(۱۲) میں نماز قائم کرنے، زکوٰۃ ادا کرنے، رسولوں پر ایمان لانے وغیرہ پر کیا وعدے کیے گئے ہیں؟

ج : ان تمام اعمال پر گناہوں کے مٹانے اور جنت میں داخل کرنے کے وعدے کئے گئے ہیں۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۱۳) میں حضور ﷺ کو کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۱۳) میں حضور ﷺ کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ معاف کریں اور درگزر سے کام لیں۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۲۷) میں حضور ﷺ کو کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج : حضور ﷺ کو اس آیت میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے دونوں بیٹوں کا قصہ

لوگوں کے سامنے بیان کریں۔

س : سورۂ مائدہ میں چھٹویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں چھٹویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے آیت نمبر (۳۵) میں خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۳۵) میں کن تین کاموں کا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۳۵) میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے اور اس کے راستے میں جھاد کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

س : چوری کرنے والے مرد اور چوری کرنے والی عورت کی سزا سورۂ مائدہ کی کس آیت میں بیان کی گئی ہے؟

ج : چوری کرنے والے مرد اور چوری کرنے والی عورت کی سزا سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۳۸) میں بیان کی گئی ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۳۸) میں چوری کرنے والے مرد اور چوری کرنے والی عورت کی کیا سزا مقرر کی گئی ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۳۸) میں چوری کرنے والے مرد اور چوری کرنے والی عورت کی سزا ''ہاتھ کاٹنا'' مقرر کی گئی ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں حضور ﷺ کو **یایھا الرسول** سے خطاب کیا گیا ہے

ج : سورۂ مائدہ کی وہ آیت نمبر (۴۱) ہے جس میں حضور ﷺ کو **یایھا الرسول** سے خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ میں حضور ﷺ کو **یایھا الرسول** سے خطاب کرتے ہوئے کس قسم کی تسلی دی گئی ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں حضور ﷺ کو **یایھا الرسول** سے خطاب کرتے ہوئے یہ تسلی دی گئی ہے کہ جو لوگ کفر میں آگے بڑھ رہے ہیں ان سے آپ کو غمگین نہیں ہونا چاہئے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۴۱) میں حضور ﷺ کو یہودیوں کے بارے میں کیا ہدایت دی ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۴۱) میں حضور ﷺ کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ اگر یہ یہودی آپ ﷺ کے پاس آئیں تو آپ ﷺ ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کیجئے یا ان سے اعراض کیجئے

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۴۸) میں حضور ﷺ کو کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۴۸) میں حضور ﷺ کو یہ حکم دیا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ پر جو کچھ نازل کیا ہے اس کے مطابق آپ ﷺ ان کے درمیان فیصلہ کیجئے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۴۸) میں لوگوں کو کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۴۸) میں لوگوں کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ بھلائی کے کاموں میں آگے بڑھیں: **فاستبقوا الخیرت**

س : سورۂ مائدہ میں ساتویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں ساتویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے آیت نمبر (۵۱) میں خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۵۱) میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو کس کام سے روکا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۵۱) میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو یہود و نصاریٰ کو اپنا دوست بنانے سے روکا ہے۔ **یایھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا الیھود و النصاریٰ اولیاء**

س : سورۂ مائدہ میں آٹھویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں آٹھویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے آیت نمبر (۵۴) میں خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی وہ کونسی آیت ہے جس میں ان ایمان والوں کا تذکرہ ہے جو نماز کو قائم کرتے

ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں؟

ج : سورۂ مائدہ کی وہ آیت نمبر (۵۵) ہے، جس میں ان ایمان والوں کا تذکرہ ہے جو نماز کو قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ کو ادا کرتے ہیں۔

س : سورۂ مائدہ میں نویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں نویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے آیت نمبر (۵۷) میں خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۵۷) میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو خطاب کرتے ہوئے کس چیز سے منع کیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی مذکورہ آیت میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو اس بات سے منع کیا ہے کہ تم اہل کتاب کو جو تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بناتے ہیں اور کافروں کو اپنا دوست نہ بناؤ۔

س : سورۂ مائدہ میں حضور ﷺ کو دوسری مرتبہ **یایھا الرسول** سے کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (٦٧) میں دوسری مرتبہ حضور ﷺ کو **یایھا الرسول** سے خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (٦٧) میں حضور ﷺ کو **یایھا الرسول** سے خطاب کرتے ہوئے کیا ہدایت دی گئی ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (٦٧) میں حضور ﷺ کو **یایھا الرسول** سے خطاب کرتے ہوئے یہ ہدایت دی گئی ہے کہ جو کچھ آپ کے پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا ہے، اس کو پہنچا دیجئے، **بلغ ما انزل الیک من ربک**

س : سورۂ مائدہ کی کس آیت میں یہ بات بتلائی گئی ہے کہ جو کوئی اللہ کے ساتھ شرک کرے گا اس پر اللہ تعالیٰ نے جنت کو حرام کر دیا ہے؟

ج : یہ بات سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۷۷) میں بتلائی گئی ہے۔

س : سورۂ مائدہ میں دسویں مرتبہ ایمان والوں کو یایھا الذین اٰمنوا سے کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں دسویں مرتبہ ایمان والوں کو یایھا الذین اٰمنوا سے آیت نمبر (۸۷) میں خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۸۷) میں ایمان والوں سے خطاب کرت ہوئے کس چیز سے منع کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۸۷) میں ایمان والوں سے خطاب کرتے ہوئے اس بات سے منع کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو چیزیں تمہارے لئے حلال کی ہیں تم انہیں حرام قرار مت دو اور حد سے مت بڑھو......

س : سورۂ مائدہ کی کس آیت میں یہ کہا گیا کہ ''کلوا مما رزقکم اللّٰہ حلٰلاً طیبًا اور کھاؤ جو کچھ تمہیں اللہ نے روزی دی حلال و پاکیزہ''؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۸۸) میں یہ حکم دیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی کس آیت میں یہ حکم ہے، واتقوا اللّٰہ الذی انتم بہ مومنون اور ڈرو اس اللہ سے جس پر تمہیں ایمان ہے۔

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۸۸) میں یہ حکم دیا گیا ہے۔

س : قسم کا کفارہ سورۂ مائدہ کی کس آیت میں بیان کیا گیا ہے؟

ج : قسم کا کفارہ سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۸۹) میں بیان کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ میں قسم کے کفارہ کی کیا تفصیلات بیان کی گئی ہیں؟

ج : قسم کا کفارہ سورۂ مائدہ میں یوں بیان کیا گیا ہے کہ دس مسکینوں کو کھانا کھلانا یا دس مسکینوں کو کپڑے دینا یا ایک غلام کو آزاد کرنا......

س : قسم کے کفارہ میں اگر مسکینوں کو کھانا کھلانے یا کپڑے دینے یا غلام آزاد کرنے کی طاقت نہ ہو تو سورۂ مائدہ میں آخری صورت کیا بیان کی گئی ہے؟

ج : ایسی صورت میں آخری صورت یہ ہے کہ تین دن کے روزے رکھ لئے جائیں:

**فمن لم یجد فصیام ثلثۃ ایام o**

س : سورۂ مائدہ کی کس آیت میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ اپنے قسموں کی حفاظت کرو؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۸۹) میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ **واحفظوا ایمانکم**

س : سورۂ مائدہ میں گیارہوں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں گیارہویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے آیت نمبر(۹۰) میں خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۹۰) میں ایمان والوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا بات بتلائی گئی ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۹۰) میں ایمان والوں سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات بتلائی گئی ہے کہ شراب، جوا، بت اور پانسے کے تیر (فال کھلانا) ناپاک ہیں اور شیطانی کام میں سے ہیں

س : شراب اور جوے کے بارے میں سورۂ مائدہ کی کس آیت میں یہ بات بتائی گئی کہ یہ دونوں چیزیں اللہ کی یاد اور نماز سے روکتے ہیں؟

ج : یہ بات سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۹۱) میں بیان کی گئی ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۹۲) میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۹۲) میں یہ حکم دیا گیا کہ اللہ کی اطاعت اور رسول کی اطاعت کرو اور ہوشیار رہو، **واطیعوا اللّٰہ واطیعوا الرسول واحذروا o**

س : سورۂ مائدہ میں بارہویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں بارہویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے آیت نمبر(۹۴) میں خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ میں تیرھویں مرتبہ ایمان والوں کو **یایھا الذین اٰمنوا** سے کس آیت میں خطاب

کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں تیرھویں مرتبہ ایمان والوں کو یایھا الذین اٰمنوا سے آیت نمبر(۹۵) میں خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۹۵) میں ایمان والوں سے کس کام سے روکا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۹۵) میں ایمان والوں کو احرام کی حالت میں شکار کرنے سے روکا گیا ہے۔

س : ''اور اللہ سے ڈرو جس کی طرف تم اٹھائے جاؤ گے'' یہ حکم سورۂ مائدہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۹۶) میں ہے: **و اتقوا اللّٰہ الذی الیہ تحشرون o**

س : ''رسول کے ذمہ تو صرف حکم کا پہنچا دینا ہے'' یہ بات سورۂ مائدہ کی کس آیت میں بیان کی گئی ہے

ج : یہ بات سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۹۹) میں بیان کی گئی ہے، **ما علی الرسول الا البلغ**

س : اللہ سے ڈرو اے عقل مندو! تا کہ تم کامیابی پاؤ، یہ حکم سورۂ مائدہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۱۰۰) میں ہے **فاتقوا اللّٰہ یاولی الالباب لعلکم تفلحون**

س : سورۂ مائدہ میں چودھویں مرتبہ ایمان والوں کو یایھا الذین اٰمنوا سے کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں چودھویں مرتبہ ایمان والوں کو یایھا الذین اٰمنوا سے آیت نمبر(۱۰۱) میں خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۱۰۱) میں ایمان والوں کو کس بات سے روکا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر(۱۰۱) میں ایمان والوں کو اس بات سے روکا گیا ہے کہ وہ ایسی باتیں نہ پوچھیں جو ان پر ظاہر کر دی جائیں تو انہیں بری لگیں:

**لا تسئلوا عن اشیاء ان تبدلکم تسؤکم o**

س : سورۂ مائدہ میں پندرھویں مرتبہ ایمان والوں کو یایھا الذین اٰمنوا سے کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۱۰۵) میں ایمان والوں کو کیا ہدایت دی گئی ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۱۰۵) میں ایمان والوں کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ تم اپنی فکر رکھو تمہارا کچھ نہ بگاڑے گا، گمراہ ہونے والا جبکہ تم راہ پر ہو......

س : سورۂ مائدہ میں سولھویں مرتبہ ایمان والوں کو یایھا الذین اٰمنوا سے کس آیت میں خطاب کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ مائدہ میں سولھویں مرتبہ ایمان والوں کو یایھا الذین اٰمنوا سے آیت نمبر (۱۰۶) میں خطاب کیا گیا ہے۔

س : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۱۰۶) میں ایمان والوں کو کس بارے میں ہدایت دی گئی ہے؟

ج : سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۱۰۶) میں ایمان والوں کو وصیت کے بارے میں ہدایت دی گئی ہے

س : ''اور اللہ سے ڈرو اور حکم سنو'' یہ حکم سورۂ مائدہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ مائدہ کی آیت نمبر (۱۰۸) میں ہے: وا تقوا اللّٰہ واسمعوا

س : سورۂ انعام کی کس آیت میں یہ حکم ہے کہ زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیا ہوا؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۱) میں یہ حکم ہے: سیروا فی الارض ثم انظروا کیف کان عاقبة المکذبین o

س : اللہ کی باتیں بدلنے والا کوئی نہیں؟ یہ بات سورۂ انعام کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ بات سورۂ انعام کی آیت نمبر (۳۴) میں ہے: ولا مبدل لکلمت اللّٰہ

س : ''اور دور نہ کرو انہیں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح وشام اس کی رضا چاہتے ہیں'' یہ حکم سورۂ انعام کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۵۲) میں ہے۔

س : سورۂ انعام کی کس آیت میں حضور ﷺ کو یہ کہنے کا حکم دیا گیا کہ مجھے روکا گیا ہے کہ میں ایسی

چیز کی عبادت کروں، جس کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو؟

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۵۶) میں دیا گیا۔

س : سورۂ انعام کی کس آیت میں حضور ﷺ کو ظالموں کے پاس بیٹھنے سے منع کیا گیا ہے۔

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۶۸) میں حضور ﷺ کو ظالموں کے پاس بیٹھنے سے منع کیا گیا۔

س : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۷۰) میں حضور ﷺ کو کیا ہدایت دی گئی ہے؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۷۰) میں حضور ﷺ کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ جنہوں نے اپنے دین کو ہنسی مذاق بنالیا ہے، ان کو چھوڑ دیں۔

س : ''اور ہمیں حکم ہوا ہے کہ ہم اسی رب العالمین کی فرمانبرداری کریں'' یہ حکم سورۂ انعام کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۷۲) میں ہے۔

س : سورۂ انعام کی کس آیت میں نماز کے قائم کرنے اور اللہ سے ڈرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۷۲) میں یہ حکم دیا گیا ہے؟

س : سورۂ انعام کی کس آیت میں حضور ﷺ کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ اسی کا اتباع کرو جو کچھ کہ تمہارے رب کی طرف سے وحی کی گئی ہے؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۰۷) میں یہ حکم دیا گیا ہے: **اتبع ما اوحی الیک من ربک**

س : ''اور مشرکوں سے منہ پھیر لیجئے'' یہ حکم سورۂ انعام کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۰۷) میں ہے: **واعرض عن المشرکین**

س : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۱۹) میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۱۹) میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ کھاؤ اس میں سے جس پر اللہ کا نام لیا گیا: **فکلوا مما ذکر اسم اللّٰہ علیہ o**

س : ''اور چھوڑ دو کھلا اور چھپا دونوں قسم کے گناہ'' یہ حکم سورۂ مائدہ کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۲۱) میں ہے: **وذروا ظاهر الاثم وباطنه**

س : اور اسے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو، یہ حکم سورۂ انعام کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۲۲) میں ہے: **ولا تاکلوا مما لم یذکر اسم اللّٰہ علیه**

س : ''کھاؤ اس کا پھل جب پھل لائے'' یہ حکم سورۂ انعام کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۴۲) میں ہے: **کلوا من ثمره اذا اثمر**

س : ''جس دن کھیتی کٹے اس کا حق ادا کرو، یعنی اس کی زکوٰۃ نکالو'' یہ حکم سورۂ انعام کی کس آیت میں ہے

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۴۲) میں ہے: **واٰتوا حقه یوم حصاده o**

س : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۴۲) میں کس چیز سے منع کیا گیا ہے؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۴۲) میں اسراف سے منع کیا گیا ہے کہ: **ولا تسرفوا**
بے جا خرچ نہ کرو......

س : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۴۳) میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۴۳) میں یہ حکم دیا گیا ہے: '' **کلوا مما رزقکم اللّٰہ**
اللہ نے جو تمہیں دے رکھا اس میں کھاؤ''

س : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۴۳) میں کس کے نقش قدم پر چلنے سے روکا گیا ہے؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۴۳) میں شیطان کے نقش قدم پر چلنے سے روکا گیا ہے:
**ولا تتبعوا خطوٰت الشیطن o**

س : سورۂ انعام کی کس آیت میں حرام چیزوں کی فہرست بیان کی گئی ہے؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۴۶) میں حرام چیزوں کی فہرست بیان کی گئی ہے۔

س : ''ان لوگوں کی خواہشات کے پیچھے نہ چلئے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا'' یہ حکم سورۂ انعام کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۱) میں ہے: **ولا تتبع اهواء الذین کذبوا بایتنا**

س : سورۂ انعام کی کس آیت میں ماں باپ کے ساتھ احسان کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۲) میں ماں باپ کے ساتھ احسان کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

س : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۲) میں مفلسی کے خوف سے کس کو قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۲) میں مفلسی کے خوف سے اپنی اولاد کو قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے: **ولا تقتلوا اولدکم من ملاق o**

س : کھلی اور چھپی بے حیائیوں کے پاس بھی نہ جاؤ یہ حکم سورۂ انعام کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۲) میں ہے:

**ولا تقربوا الفوا حش ما ظھر منھا وما بطن o**

س : ''اور ناحق کسی کو قتل نہ کرو جس کو اللہ تعالیٰ نے حرام کر دیا ہے'' یہ حکم سورۂ انعام کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۲) میں ہے: **ولا تقتلوا النفس التی حرم اللّٰہ الا بالحق**

س : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۳) میں کیا حکم دیا گیا؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۳) میں یہ حکم دیا گیا کہ یتیموں کے مال کے پاس نہ جاؤ، مگر بہت اچھے طریقہ سے **ولا تقربوا مال الیتیم الا بالتی ھی احسن o**

س : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۳) میں ناپ تول کے بارے میں کیا ہدایت دی گئی ہے؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۳) میں یہ ہدایت دی گئی ہے کہ ناپ تول انصاف کے ساتھ پوری کرو: **اوفو الکیل والمیزان بالقسط o**

س : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۳) میں گفتگو کے بارے میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۳) میں گفتگو کے بارے میں جب یہ حکم دیا گیا ہے کہ جب کہو کہ تو انصاف کی بات کہو، اگر چہ تمہارے رشتہ دار کا معاملہ ہو:

**واذا قلتم فاعدلوا ولو کان ذا قربی o**

س : ''اللہ کے عہد کو پورا کرو'' یہ حکم سورۂ انعام کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۳) میں ہے: **وبعهد الله اوفوا o**

س : ''یہ ہے میرا راستہ تم اسی راہ پر چلو'' یہ حکم سورۂ انعام کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۴) میں ہے۔

س : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۶) میں قرآن مجید کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

ج : سورۂ انعام کی آیت نمبر (۱۵۶) میں یہ کہا گیا ہے کہ یہ برکت والی کتاب ہم نے اتاری ہے تم اس کی پیروی کرو۔

س : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۳) میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۳) میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ اے لوگو! اس پر چلو جو تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اترا......

س : پیغمبروں سے اور جن کے پاس پیغمبر بھیجئے گئے تھے ان سے ہم ضرور پوچھیں گے، یہ بات سورۂ اعراف کی کس آیت میں بیان کی گئی ہے؟

ج : یہ بات سورۂ اعراف کی آیت نمبر (٦) میں کہی گئی ہے۔

س : جس کا پلہ بھاری ہوگا ایسے لوگ کامیاب ہوں گے یہ خوشخبری سورۂ اعراف کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ خوشخبری سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۸) میں ہے۔

س : جس شخص کا پلہ ہلکا ہوگا تو یہ وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنا نقصان کرلیا، یہ وعید سورۂ اعراف کی کس آیت میں بیان کی گئی ہے؟

ج : یہ وعید سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۹) میں بیان کی گئی ہے۔

س : سورۂ اعراف کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا کہ تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو؟

ج : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۱۰) میں یہ بات بتلائی گئی ہے۔

س : ہم نے تم کو پیدا کیا اور ہم نے تمہاری صورت بنائی یہ بات سورۂ اعراف کی کس آیت میں

بیان کی گئی ہے؟

ج : یہ بات سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۱۱) میں بیان کی گئی ہے۔

س : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۱۲) میں یہ جملہ ہے ''تو نے مجھ کو آگ سے بنایا اور اس کو مٹی سے بنایا'' بتایئے یہ جملہ کس نے کس سے کہا؟

ج : یہ جملہ شیطان نے اللہ تعالیٰ نے سے کہا۔

س : تو آسمان سے نیچے اتر تجھ کو کوئی حق نہیں کہ تو تکبر کرے یہ بات اللہ تعالیٰ نے کس سے کہی؟

ج : یہ بات اللہ تعالیٰ نے شیطان سے کہی۔

س : جب اللہ تعالیٰ نے شیطان کو اپنے دربار سے نکادی تو شیطان نے اللہ تعالیٰ سے کیا چیز مانگی؟

ج : شیطان نے اللہ تعالیٰ سے قیامت تک مہلت مانگی۔

س : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۱۹) میں اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام سے خطاب کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

ج : اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں حضرت آدم علیہ السلام سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ اے آدم! تم اور تمہاری بیوی جنت میں رہو، پھر جس جگہ سے چاہو دونوں کھاو ہاں! درخت کے پاس مت جاؤ۔

س : جب حضرت آدم وحوا علیہ السلام کو روئے زمین پر اتارا گیا تو دونوں نے کن الفاظ میں اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی؟

ج : حضرت آدم وحوا علیہ السلام نے اس وقت ان الفاظ میں معافی مانگی:

ربنا ظلمنا انفسنا و ان لم نغفرلنا و ترحمنا لنکونن من الخسرین (اعراف/۲۳)

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ اعراف کی کس ایت میں یہ فرمایا کہ تم اسی زمین میں زندہ رہو گے اور اسی زمین میں مرو گے اور اسی زمین سے تم نکالے جاؤ گے؟

ج : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۲۵) میں اللہ تعالیٰ نے یہ بات بیان فرمائی۔

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۲۶) میں اولادِ آدم سے خطاب کرتے ہوئے کس نعمت کے دیئے جانے کا اعلان فرمایا ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اولادِ آدم سے خطاب کرت ہوئے لباس دیئے جانے کا اعلان کیا ہے۔

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ اعراف میں لباس کا مقصد کیا بیان کیا ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ اعراف میں لباس کے دو مقصد بیان کئے ہیں، پہلا مقصد یہ ہے کہ لباس ستر کو ڈھانپتا ہے اور دوسرا مقصد یہ ہے کہ یہ زینت کا ذریعہ ہے۔

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ اعراف میں کس صفت کو بہترین لباس قرار دیا ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ اعراف میں پرہیزگاری کو بہترین لباس قرار دیا:

**ولباس التقویٰ ذالک خیر o**

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ اعراف میں کس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے کہ کہیں تم کو شیطان کسی خرابی میں نہ ڈال دے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ اعراف میں اولادِ آدم سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے۔

س : وہ اور اس کا لشکر تم کو اس طور سے دیکھتے ہیں کہ تم ان کو نہیں دیکھتے ہو، یہ بات کس کی بارے میں اور کس سورت میں بیان کی گئی ہے؟

ج : یہ بات شیطان کے بارے میں سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۲۷) میں بیان کی گئی ہے۔

س : قریش جب ننگے ہو کر کعبہ کا طواف کرتے اور ان کو اس برے عمل سے روکا جاتا تو وہ اس کا جواب کیا دیتے تھے، آیت قرآنی سے اس کا ثبوت دیجئے؟

ج : قریش جواب میں یہ کہتے تھے کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی طریقہ پر پایا، سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۲۸) میں ہے:

**واذا فعلوا فاحشته قالوا وجدنا علیھا اٰباء نا o**

س : سورۂ اعراف کی کس آیت میں حضور ﷺ کو یہ حکم دیا گیا کہ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ فحش کام کی کبھی تعلیم نہیں دیتا؟

ج : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۲۸) میں یہ حکم حضور ﷺ کو دیا گیا ہے۔

س : اور تم ہر سجدہ کے وقت اپنا رُخ سیدھا اللہ کی طرف رکھو، یہ حکم سورۂ اعراف کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ حکم سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۲۹) میں ہے۔

س : سورۂ اعراف کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ اللہ کی عبادت اس طور پر کرو کہ اس عبادت کو خالص اللہ ہی کے واسطے رکھا کرو؟

ج : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۲۹) میں یہ حکم دیا گیا: **وادعوہ مخلصین لدالدین o**

س : اللہ تعالیٰ نے کس سے خطاب کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے کہ تم مسجد کی ہر حاضری کے وقت اپنا لباس پہن لیا کرو؟

ج : اللہ تعالیٰ نے اولادِ آدم سے خطاب کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے:

**یبنی آدم خذوا زینتکم عند کل مسجد o**

س : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۳۱) میں کھانے اور پینے کا حکم دینے کے بعد اسراف سے روکا گیا ہے۔

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۳۱) میں کھانے اور پینے کا حکم دینے کے بعد اسراف سے روکا گیا ہے۔ **کلوا واشربوا ولا تسرفوا o**

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۳۱) میں کن لوگوں کے بارے میں یہ فرمایا ہے کہ ان لوگوں کو وہ پسند نہیں کرتا؟

ج : اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اسراف کرنے والوں کے بارے میں فرمایا کہ ان کو وہ پسند نہیں کرتا، **انه لا یحب المسرفین o**

س : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۳۳) میں اللہ تعالیٰ نے کن کن چیزوں کو حرام قرار دیا ہے؟

ج : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۳۳) میں اللہ تعالیٰ نے کھلی اور چھپی بے حیائی کی باتوں، گناہ اور ناحق کی زیادتی، شرک اور اللہ پر بغیر سند کی نامناسب باتوں کے منسوب کرنے کو حرام قرار دیا گیا۔

س : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۳۵) میں متقیوں اور نیکوکاروں کو کیا خوشخبری دی گئی ہے؟

ج : سورۂ اعراف کی اس آیت میں متقیوں اور نیکوکاروں کو اس بات کی خوشخبری دی گئی ہے کہ آخرت میں انہیں نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

س : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۳۶) میں کن لوگوں کو دوزخی قرار دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۳۶) میں ان لوگوں کو دوزخی قرار دیا گیا ہے جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلاتے ہیں اور اس کی آیتوں سے منہ موڑتے ہیں۔

س : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۳۷) میں سب سے بڑا ظالم کس کو قرار دیا گیا ہے؟

ج : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۳۷) میں اس شخص کو سب سے بڑا ظالم قرار دیا گیا ہے جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے یا اس کے حکموں کو جھٹلا دے۔

س : اللہ تعالیٰ نے سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۴۰) کن لوگوں کے بارے میں یہ بات کہی گئی کہ ان کے لئے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے اور نہ وہ جنت میں داخل ہوں گے؟

ج : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۴۰) میں ان لوگوں کے لئے یہ وعید بیان کی گئی ہے جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلاتے ہیں اور ان آیتوں کے مقابلہ میں تکبر کرتے ہیں۔

س : مجرموں کے لئے جہنم کے بچھونے اور اوڑھنے کی بات سورۂ اعراف کی کس آیت میں کہی گئی ہے؟

ج : سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۴۱) میں یہ بات کہی گئی ہے۔

س : ہم بوجھ نہیں رکھتے مگر اس کی طاقت کے موافق یہ بات سورۂ اعراف کی کس آیت میں بیان کی گئی ہے؟

ج : یہ بات سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۴۲) میں بیان کی گئی۔

س : اہل جنت کے دلوں میں جو کچھ رنج تھا ہم اس کو نکال دیں گے، یہ خوشخبری سورۂ اعراف کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ خوشخبری سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۴۳) میں ہے۔

س : شکر اس اللہ کا جس نے ہم کو یہاں تک پہنچا دیا، یہ جملہ کون کہاں کہیں گے؟

ج : یہ جملہ جنتی جنت میں داخل ہونے کے بعد کہیں گے:

**وقالوا الحمدللّٰہ الذی ھدنا لھذا o**

س : اوران سے پکار کر کہا جائے گا کہ یہ جنت تم کو دی گئی ہے تمہارے اعمال کے بدلہ میں یہ بات سورۂ اعراف کی کس آیت میں بیان کی گئی ہے؟

ج : یہ بات سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۴۳) میں بیان کی گئی ہے۔

س : اہل جنت جہنمیوں سے ایک سوال کریں گے، جس سوال کو سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۴۴) میں بیان کیا ہے، بتایئے؟ وہ کیا سوال ہے؟

ج : اہل جنت دوزخیوں سے یہ سوال کریں گے کہ ہم نے جو ہم سے ہمارے رب نے وعدہ کیا پالیا کیا تم نے بھی پایا اپنے رب کے وعدے کو......

س : اوراعراف پر مرد ہوں گے جو پہچان لیں گے ہر ایک کو اس کی نشانی سے، یہ بات سورۂ اعراف کی کس آیت میں ہے؟

ج : یہ بات سورۂ اعراف کی آیت نمبر (۴۶) میں ہے۔

س : اہل اعراف جنتیوں کو دیکھ کر کیا کہیں گے؟

ج : اہل اعراف جہنمیوں وک دیکھ کر کہیں گے کہ سلام علیکم تم پر سلامتی ہو۔

س : اہل اعراف جب دوخیوں کو دیکھیں گے تو ان کی زبانوں سے کیا دعاء نکلے گی؟

ج : اہل اعراف جب دوزخیوں کو دیکھیں گے تو ان کی زبانوں سے یہ دعاء نکلے گی،

"**ربنا لا تجعلنا مع القوم الظلمین** اے ہمارے رب! ہم کو گنہگاروں کے ساتھ مت کیجئے"

س : اہل دوزخ اہل جنت سے کیا درخواست کریں گے

ج : اہل دوزخ اہل جنت سے یہ درخواست کریں گے۔

۞ ۞ ۞ ۞ ۞